Series **000/0**

Code No. **00/0**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains 9 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 19 questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**

## CLASS X (دسویں جماعت)

**Time allowed : 3 hours** | **Maximum marks : 100**

**وقت:3 گھنٹے** | **کل نمبر:100**

## URDU (Course A) (اردو ( کورس – اے

## Section A (حصّہ۔الف)

**1.** درج ذیل عبارت کرغور سے پڑھیےاوراس سے متعلق پوچھے گئےسوالوں کے جواب دیجیے۔ **10**

’’تعلیم کوتربیت سے الگ کرنا دونوں کوان کے فائدوں سے جدا کردینا ہے۔ماں باپ اگر یہ سمجھنےلگیں کہ انھوں نے بچوں کواسکول میں داخل کردیااوران کا فرض ادا ہوگیاتو یہ بڑی بھول ہوگی۔نئ کھیتی کا جوتجربہ ہندوستان نے کیا، آگے چل کر ہرا انقلاب کہلایا۔اس کی مثال سامنے رکھیےتو یہ بات بالکل کھل جائے گی۔تعلیم بناتربیت کے وہی اثر رکھتی ہے جومصنوعی کھاد بناسنچائی کے۔کسان نے بھول کر ایسا کیاتو سارا کھیت جل کرراکھ ہوگیا۔اسی طرح تربیت پردھیان نہ دیا جائےتوتعلیم انسان کی شخصیت اورزندگی کی اعلیٰ قدروں اور اطوارواخلاق کوجلا کرر کھ دیتی ہے۔تعلیم کی آبیاری تربیت سے ہوتی ہےعلم کاظرف تربیت سے آتا ہے۔اس کی افادیت تربیت سے بڑھتی ہے۔

(ا) تربیت کےبغیرتعلیم کیااثر رکھتی ہے؟

(ب) ہندوستان نےنئ کھیتی کا جوتجربہ کیاوہ آگےچل کرکیا کہلایا؟

(ج) تعلیم کی آبیاری کہاں سے ہوتی ہےاورعلم کوظرف کہاں سے ملتا ہے؟

(د) اگرتربیت پردھیان نہ دیاجائےتوانسان کی شخصیت پرکیااثر پڑتا ہے؟

(ہ) ’کسان نےبھول کرایسا کیاتو سارا کھیت جل کرراکھ ہوگیا‘ اس جملے کی وضاحت کیجیے۔

**یا**

’’انسانوں کاایک باشعورگروہ جب مل کرساتھ رہنےلگتا ہےتو سماجی برادری پیدا ہوتی ہے۔اسی سماج سے سماجی شعورحاصل ہوتا ہے کہ

www.questionbooth.com

انسان اپنی برادری میں کس طرح مل جل کر جیے اور جینے دے اور کس طرح ایک مہذب زندگی گزارے۔ آزادی بھی ایسے ہی مہذب سماج میں اپنے حقوق، اپنے فرائض اور اپنی ذمہ داریوں سے واقف ہو کر ایک دوسرے کے ادب، احترام اور انصاف سے جینے کا نام ہے۔ اور یہ آزادی ہمارا پیدائشی اور شہری حق ہے۔ شہری صرف شہر میں رہنے والے کو نہیں کہتے بلکہ ایک باشعور سماج کے ایک باخبر اور ذمے دار فرد کو بھی شہری کہتے ہیں۔ اس طریقۂ زندگی کو شہریت کا بھی نام دیا جاتا ہے۔ اس شہریت سے ہی انسانی تہذیب وتمدن کے سلیقے اور معیار قائم ہوتے ہیں۔''

(ا) سماجی برادری کیسے بنتی ہے؟

(ب) سماجی شعور کیسے حاصل ہوتا ہے؟

(ج) آزادی کس چیز کا نام ہے؟

(د) ایک باشعور سماج کے ایک باخبر اور ذمے دار فرد کو کیا کہتے ہیں؟

(ہ) انسانی تہذیب وتمدن کے معیار کیسے قائم ہوتے ہیں؟

**.2 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** **10**

(ا) دہلی کا تجارتی میلہ

(ب) انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات

(ج) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

(د) میرا پسندیدہ ادیب یا شاعر

(ہ) میرا پسندیدہ کھیل

**.3 درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔** **5**

**(i)** وہ فعل جس کا فاعل یعنی کام کرنے والا معلوم ہو۔

(ا) فعل معروف

(ب) فعل مجہول

(ج) فعل لازم

(د) فعل متعدی

**(ii)** اس فعل کو کہتے ہیں جس کا فاعل یعنی کام کرنے والا معلوم نہ ہو۔

(ا) فعل مجہول

(ب) فعل لازم

(ج) فعل متعدی

(د) فعل ناقص

**(iii)** کھانا کھایا گیا کون سافعل ہے۔

(ا) فعل لازم

(ب) فعل متعدی

(ج) فعل ناقص

(د) فعل معروف

**(iv)** فعل ناقص وہ فعل ہے جس میں کسی حالت یا کیفیت کا پتہ چلتا ہے۔اس جملے میں فعل ناقص کون سا ہے۔

(ا) بارش ہورہی تھی

(ب) رام چلا گیا

(ج) حامد کتاب پڑھ رہا ہے

(د) راشد کھیل رہا ہے

**(v)** نعیم رورہا ہے۔اس جملے میں کون سافعل ہے۔

(ا) فعل لازم

(ب) فعل متعدی

(ج) فعل معروف

(د) فعل مجہول

**4.** تشبیہ یا استعارہ میں سے کسی ایک کی تعریف مثالیں دے کر لکھیے۔ **5**

**5.** درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔ **5**

**(i)** اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بہت بے آبرو ہو کے تیرے کوچے سے ہم نکلے

(ا) تشبیہ

(ب) تضاد

(ج) تلمیح

(د) مراعات النظیر

**(ii)** وہ صنعت جس میں اصل سبب تو کچھ اور ہو مگر شاعرانہ طور پر کچھ اور بیان کیا جائے۔

(ا) تضاد

(ب) مراعات النظیر

(ج) حسنِ تعلیل

(د) کنایہ

**(iii)** درج ذیل شعر میں کون سی صنعت ہے؟

پتّہ پتّہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

(ا) استعارہ

(ب) تضاد

(ج) مراعات النظیر

(د) تشبیہ

**(iv)** وہ صنعت جس میں دو متضاد الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(ا) لف ونشر

(ب) تضاد

(ج) استعارہ

(د) تشبیہ

**(v)** سب سے زیادہ مشہور قصیدہ گو شاعر کون سا ہے۔

(ا) سوداؔ

(ب) غالبؔ

(ج) میرؔ

(د) مومنؔ

**6.** **درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے تین کو جملوں میں استعمال کیجیے۔**

(ا) بڑے بول کا سر نیچا

(ب) اپنا راگ الاپنا

(ج) بال کی کھال نکالنا

(د) پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا

(ہ) آستین کا سانپ ہونا

## (Section B)

**7.** **درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔** **7**

''پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں........... پہلی اپریل کو بھی وہی اکڑفوں۔اب ہمارا راج ہے بچّہ!''لوگ جمع ہو گئے اور پولیس کے دو سپاہیوں نے بڑی مشکل سے گورے کو استاد منگو کی گرفت سے چھڑایا۔استاد منگو ان دو سپاہیوں کے درمیان کھڑا تھا اس کی چوڑی

www.questionbouh.com

چھاتی پھولی ہوئی سانس کی وجہ سے اوپر نیچے ہو رہی تھی۔ منھ سے جھاگ بہہ رہا تھا اور اپنی مسکراتی ہوئی آنکھوں سے حیرت زدہ مجمع کی طرف دیکھ کر وہ ہانپتی ہوئی آواز میں کہہ رہا تھا" وہ دن گزر گئے جب خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔ اب نیا قانون ہے۔" میاں نیا قانون!

(ا) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں اور یہ ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(ب) پہلی اپریل کا حوالہ کیوں دیا گیا ہے؟

(ج) لوگ کیوں جمع ہو گئے تھے؟

(د) 'اب نیا قانون ہے' سے کیا مراد ہے؟

(ہ) استاد منگو انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

**یا**

"انسان کے اردگرد اس کے اہم ترین ساتھی۔ زمین، ہوا، پانی، جنگلات اور دیگر جاندار ہیں۔ یہی اس کا ماحول کہلاتے ہیں۔ ان سبھی کا آپس میں ایک دوسرے سے تعلق ہے۔ یعنی اگر زمین خراب ہو گئی تو انسان اس سے متاثر ہوگا اور اگر انسان کا رویہ زمین کے تئیں بگڑے گا تو زمین خراب ہوگی۔ انسان کی بڑھتی ہوئی آبادی اور مشینی دور کی آمد نے اس آپسی تعلق کو تہس نہس کر دیا۔ کارخانوں اور فیکٹریوں نے نہ صرف یہ کہ خام مال کی شکل میں قدرتی وسائل کو بے تحاشہ استعمال کیا بلکہ ان سے نکلنے والے زہریلے مادّوں نے ہوا، پانی اور زمین کو زہریلا کرنا شروع کر دیا۔ کارخانوں کی چمنیوں اور موٹر گاڑیوں سے نکلنے والے دھوئیں اور گیسوں نے ہوا کو آلودہ کر دیا۔

(ا) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف کا نام لکھیے اور یہ بھی بتائیے کہ یہ ادب کی کس صنف میں آتا ہے؟

(ب) انسان کے اہم ساتھی کون ہیں؟

(ج) زمین اور انسان کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

(د) بڑھتی آبادی اور مشینوں نے کیا خرابی پیدا کی ہے؟

(ہ) ہوا کے آلودہ ہونے کا سبب کیا ہے؟

**.8 کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔** **5**

بھولا کردار آپ کو کیسا لگا؟ اس سبق اور اس کے مصنف کا نام بھی لکھیے۔

**یا**

سرسید کو گاؤں میں رہنا کیوں پسند تھا؟ اس مضمون کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

**.9 نیچے لکھے سوالات میں سے کسی ایک کا مختصر جواب دیجیے۔** **3**

انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر کیوں جلد پڑتا ہے؟

**یا**

کیلاش نے ایسا کیا کہا جسے سن کر رجنی پر بجلی سی گر پڑی؟

**.10 مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔** **5**

**(i)** فلم "دستک" کو ان میں سے کس نے بنایا.................

(ا) مرزا غالبؔ

(ب) راجندر سنگھ بیدی

(ج) مالک رام

(د) حیات اللہ انصاری

**(ii) ایک اچھے افسانے کی خوبی یہ ہے کہ**

(ا) وہ بہت طویل ہو

(ب) اس میں جن، بھوت، پریوں وغیرہ کے واقعات ضرور بیان کیے جاتے ہیں

(ج) زندگی کی حقیقت سے دور ہو

(د) مختصر ہونے کے ساتھ زندگی کے کسی گوشے کو پیش کرتا ہو

**(iii) چغد کس کا افسانوی مجموعہ ہے**

(ا) راجندر سنگھ بیدی

(ب) منٹو

(ج) حیات اللہ انصاری

(د) کرشن چندر

**(iv) سوانح یادگار غالب کا مصنف کون ہے**

(ا) شبلی

(ب) محمد حسین آزاد

(ج) حالی

(د) سرسید

**(v) ان میں سے کون سا محمد مجیب کا ڈرامہ نہیں ہے**

(ا) انجام

(ب) ہیروئن کی تلاش

(ج) پردۂ غفلت

(د) خانہ جنگی

**11. درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔** **7**

(ا) بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(ب) ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں، ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جس کی حسرت و غم، اے ہم نفسو! وہ خواب ہیں ہم

www.questionbodh.com

(ج) آنسو تھے سوخشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھلتی ہے نہ برستی ہے

(د) اسی فریب نے مارا، کہ کل ہے کتنی دور
اس آج کل میں عبث دن گنوائے ہیں کیا کیا

**12.** **نظم ''حقیقتِ حسن'' یا نظم ''جلوۂ دربارِ دہلی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔** **5**

**13.** **کسی ایک کا مختصر جواب دیجیے۔** **3**

1. نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' میں شاعر نے دیہاتی بازار کی کس طرح منظر کشی کی ہے۔
2. نظم ''او دیس سے آنے والے بتا'' کس شاعر کی ہے۔ دیس سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہو کر کیا پوچھتا ہے؟

**14.** **درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔** **5**

**(i)** کس کا شعر ہے۔

آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا
جو غم ہوا، اسے غمِ جاناں بنا دیا

(ا) سوداؔ
(ب) ذوقؔ
(ج) فانیؔ
(د) اصغرؔ

**(ii)** نظم ''آندھی'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

(ا) اخترؔ شیرانی
(ب) ساحرؔ لدھیانوی
(ج) کیفیؔ اعظمی
(د) علی سردار جعفری

**(iii)** اردو کے اہم مرثیہ نگار کا نام بتایئے۔

(ا) انیسؔ
(ب) فراقؔ
(ج) اقبالؔ
(د) غالبؔ

**(iv)** ''شعلہ و شبنم'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(ا) اقبالؔ

(ب) حالؔی

(ج) جوشؔ

(د) فیضؔ

**(v)** آیات وجدانی کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(ا) اکبرالہ آبادی

(ب) جوش

(ج) یاس یگانہ چنگیزی

(د) فانی

**14.** ''گلی ڈنڈا'' یا ''ان دیوتا'' افسانہ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔ **6**

**15.** گدڑی کا لال—نور خاں'' میں مصنف نے نور خاں کو گدڑی کا لال کیوں کہا ہے؟ **4**

**16.** افسانہ کسے کہتے ہیں؟ دو اہم افسانہ نگاروں کے نام لکھیے ۔ **2**

**یا**

ڈرامے کی تعریف بیان کیجیے اور دو اہم ڈرامہ نگاروں کا نام لکھیے ۔

**17.** درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے ۔ **3**

**(i)** مولانا شبلی نے ان میں سے کون سی کتاب نہیں لکھی؟

(ا) سیرۃ النبی

(ب) المامون

(ج) حیات سعدی

(د) الغزالی

**(ii)** ان میں سے کون افسانہ نگار نہیں ہے؟

(ا) کرشن چندر

(ب) سائل دہلوی

(ج) علی عباس حسینی

(د) قرۃ العین حیدر

**(iii)** ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(ا) انگریزی

(ب) اردو

(ج) فارسی

(د) یونانی

www.questionbodh.com

**.18** اُردو زبان کے آغاز پر مختصر نوٹ لکھیے۔ **3**

**.19** درج ذیل سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔ **2**

**(i)** اردو کے کیا معنی ہیں؟

(ا) زبان

(ب) لشکر

(ج) سپاہی

(د) دکھتی

**(ii)** اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کون ہے؟

(ا) فائزؔ

(ب) ولیؔ

(ج) قلی قطبؔ شاہ

(د) شاہ حاتمؔ

www.questionbodh.com

www.questionbodh.com

www.questionbodh.com